# عقیدے کی چند کتابیں

شیخ صالح م حفظہ اللہ سے پوچھا گیا: عقیدے میں کون سی کتابیں سب سے افضل اور آسان لکھی گئی ہیں؟

جواب: صحیح عقیدے کو بیان کرنے کے لئے جن کتابوں کو لکھا گیا ہے؛ جو اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے وہ الحمد للہ بہت ساری ہیں۔ ان میں کچھ مختصر اور کچھ مطول (بڑی) ہیں۔ ان میں سب سے مختصر اور آسان: رسالہ: "ثلاثة الأصول" اور (پھر) "کشف الشبہات" ہے، (پھر) "کتاب التوحید الذی ھو حق اللہ علی العبید" ہے اور یہ سارے شیخ الاسلام اور مجدد شیخ محمد بن عبد الوھاب رحمہ اللہ کے ہیں۔ کتاب التوحید کی شرح جیسے فتح المجید اور قرۃ عیون الموحدین اور یہ دونوں شیخ عبد الرحمن بن حسن رحمہ اللہ کے ہیں۔ (اسی طرح) عقیدے کی آسان اور مختصر کتابوں میں سے شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی العقیدۃ الواسطیۃ اور ابن ابی العز کی شرح الطحاویہ ہے۔ اسی طرح عقیدے میں (اس کے بعد) ابن تیمیہ کا مجموع فتاوی شیخ الاسلام ابن تیمیہ ہے اور مجموع فتاوی ورسائل علماء نجد جسے الدرر السنیۃ کا نام دیا گیا ہے ہیں جسے شیخ عبد الرحمن بن قاسم نے جمع کیا ہے۔ (اس کے بعد) ابن القیم کی کتاب "اغاثة اللهفان"، "المنظومة النونية" اور "الصواعق المرسلة على الجهمية و المعطلة" بھی ہیں۔

**مصدر: المنتقی من فتاوی الشیخ صالح الفوزان ج ۱ سوال: ۲ ۸ ۱**

**ترجمہ اور نوٹ: ابو مریم اعجاز احمد**

---

نوٹ: ثلاثۃ الاصول رسالے میں دین کی بنیادی تعلیم کو شیخ محمد بن عبد الوھاب رحمہ اللہ نے جمع کر دیا ہے اور یہ مصنف کی حسن تصنیف میں سے ہے کہ انہوں نے ہر مسئلے کو دلیل سے ذکر کیا ہے۔ یہ رسالہ ہر عمر اور ہر مرحلے کے لوگوں کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔ اس کے علاوہ کشف الشبہات میں مشرکین کے شبہات کا رد اور کتاب التوحید میں توحید اور اس کی ضد شرک کی مختلف قسموں کو بیان کیا گیا ہے۔ ان کتابوں کو کسی اچھے عالم یا کسی سلفی طالب علم سے پڑھیں۔ اس کے بعد کی کتابیں متقدمین طلابِ علم کے لئے ہیں۔